◎ حکمتِ اقبال، محمد رفیع الدین۔ ناشر: ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی یونی ورسٹی، اسلام آباد، بہ اشتراک: آل پاکستان اسلامک ایجوکیشن کانگریس، لاہور۔ صفحات: ۵۲۴۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔[مصنف مرحوم فلسفے کے استاذ، خود ایک فلسفی اور بہت فاضل شخصیت تھے۔ اقبال اکادمی پاکستان کے پہلے ڈائرکٹر رہے۔ اقبالیات اور علوم عمرانیات پر گہری نظر رکھتے تھے۔ اس کتاب میں اقبال کے تصورِ خودی، ان کے دوسرے تصورات سے علمی اور عقلی ربط قائم کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ 'پیش لفظ' نگار ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری کے بقول: مصنف پاکستان کے اُن مایہ ناز علما میں سے تھے جنھوں نے دورِ جدید میں اسلام کی تعبیر وتشریح کے میدان میں حکیم الامت علامہ اقبال کی فکر کو آگے بڑھایا ہے۔ کتاب ۳۵ برس پہلے چھپی تھی، اب تیسری بار شائع ہوئی ہے۔]

◎ مکاتیب الکریم، مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ماہنامہ القاسم، جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد، نوشہرہ، صوبہ سرحد۔ صفحات: ۳۱۱۔ قیمت: ندارد۔[مرتب کے استاد شیخ التفسیر مولانا قاضی عبدالکریم کلاچوی کے اس مجموعہ مکاتیب میں موضوعات کا حیرت انگیز تنوع ملتا ہے۔ دینی، شرعی اور فقہی مسائل، بزرگان دین کا مقام اور مرتبہ، روزمرہ مسائل، دینی مدارس کے معاملات، دل چسپ واقعات، پند ونصائح وغیرہ۔]

◎ برصغیر میں بچہ مسلم لیگ، ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ ناشر: ادارہ تحقیق وتصنیف، بلوچستان۔ ۲۷۲-۱ے، اوبلاک ۳، سیٹلائیٹ ٹاؤن، کوئٹہ۔ صفحات: ۹۹۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔[تحریکِ پاکستان کے سلسلے میں بزرگوں اور نوجوانوں کے ساتھ بچوں نے بھی کام کیا اور 'بچہ مسلم لیگ' بھی قائم ہوئی۔ اس کتاب میں اس کی کچھ تفصیلات اور تصاویر شامل ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ بچہ مسلم لیگ کن کن شہروں میں اور کس طرح قائم ہوئی اور کن کن لوگوں نے کس طرح حصہ لیا وغیرہ۔]

◎ مولانا اشرف علی تھانوی کی تعلیمی خدمات، ہومیو ڈاکٹر رانا محمد اشرف۔ ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ، جامع مسجد تھانے والی ہارون آباد، ضلع بہاول نگر۔ صفحات: ۷۷۔ قیمت: درج نہیں۔[مولانا اشرف علی تھانوی (اللہ ان کی قبر کو نور سے بھر دے) کی بے پایاں خدمات کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا۔ صرف ان کی تعلیمی خدمات پر پی ایچ ڈی ہوسکتی ہے۔ اس کتابچے میں تعلیم کے موضوع پر ان کے چند مفید ارشادات جمع کیے گئے ہیں۔]

◎ آنحضرتؐ کی تعلیمی پالیسی، پروفیسر ڈاکٹر محمد گجر خان غزل کاشمیری۔ ناشر: شعبہ نشرواشاعت، اقراء تدریب الاطفال (ٹرسٹ) لاہور۔ ملنے کا پتا: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۸۰۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔[اس پی ایچ ڈی مقالے میں ایک خاص ترتیب سے تعلیم کے حوالے سے اسلامی تعلیمات اور سیرت پاکؐ میں ان کے عملی اظہار کا احاطہ کیا گیا ہے۔ تعلیمی پالیسی کو تعلیمِ بالغاں، تعلیمِ نسواں اور ابتدائی تعلیم کے عنوانات دیے گئے ہیں۔]